سوال

(490) محرم عورت حیض کے بعد کپڑے تبدیل کر سکتی ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت نے میقات سے حالت حیض میں احرام باندھا اور پھر وہ مکہ میں پاک ہوگئی اور اس نے اپنے کپڑے تبدیل کر لیے، تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت جب میقات سے احرام باندھے اور وہ حالت حیض میں ہو، پھر مکہ پہنچنے کے بعد وہ پاک ہو جائے، تو وہ اپنے کپڑے تبدیل کر سکتی ہے اور جو لباس چاہے پہن سکتی ہے بشرطیکہ اس لباس کا پہننا جائز ہو اسی طرح مرد کے لیے بھی احرام کے کپڑے تبدیل کرنا جائز ہے، اس میں کوئی حرج نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ431

محدث فتویٰ